04/05/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **بصارت گل**

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے ”نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان“ کے تحت تمام ضلع انتظامیہ کے افسران کو اگلے 78 دنوں میننتیجہ خیز حکمت عملی اپنانے پر زور دیا۔انہوں نے پنچایت اور وارڈ سطح پر عوامی رابطہ مہم کو عوامی تحریک بنانے کے لئے مذہبی رہنماو

ں، ماہرین تعلیم، تاجر برادری، یوتھ گروپس اور سیاسی و سماجی کارکنوں کو شامل کرنے پر ۂ بھی زور دیا۔

ان باتوں کا اظہار ایل جی نے لوک بھون سرینگر میں ”نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان“ کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے سلسلے میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی دارت کرتے ہوئے کیا۔ اس کے مکمل خاتمے کے لیے ضلع سطح کا Terrorism دوران منشیات کے استعمال اور نارکو ایکشن پلان تیار کرنے کی متعلقین کو ہدایت دی گئی ۔ میٹنگ میں چیف سیکرٹری اٹل ڈلو، ڈی جی پی نلن پربھات سمیت سول و پولیس انتظامیہ کے سینئر افسران نے شرکت کی۔

پد یاترا

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہانے کہا کہ جمونو کشمیر میں جاری منشیات مخالف مہم تین محاذوں پر جاری ہے جس میں سپلائی چین کا خاتمہ، زمینی سطح پر بیداری پیدا کرنا اور نشے کے عادی اَفراد کی باوقار بحالی شامل ہے۔ ”نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان“ کے تحت ٹی آر سی فٹ بال گراو

نڈ سرینگر میں پد یاترا کے موقعے پر ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے لیفٹیننٹ گورنر نے ۂ کہا کہ 11 اپریل سے 2 مئی کے درمیان جموں و کشمیر میں رف 21 دنوں میں 481 ایف آئی

آر درج کی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب تک 518 منشیات سمگلروں کو جیل بھیج دیا گیا جبکہ منشیات فروشوں کے 24 مکانات مسمار کئے گئے اور کروڑوں کی جائیداد ضبط کی گئی۔

------LG------

دربار مو

سالانہ دربار مو کے سلسلے میں آج سرینگر میں دفتر کھل رہے ہیں ۔ اس ضمن میں اس وقت سرینگر کے سول سیکریٹریٹ میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کو گارڈ آف آنر پیش کیا جا رہا ہے ۔

ایل جی ملاقات

نے ٹرسٹ Mahant Rohit Shastri جیوتش اینڈ ویدک سنستھان ٹرسٹ کے □در Kailakh شری کے ہمراہ لوک بھون سرینگر میں لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات Chhibber آر کے Trustee کے کی۔

ووٹ شماری

مغربی بنگال، کیرالم، تمل ناڈو ، آسام اور مرکز کے زیر انتظام علاقے پڈو چیری میں ہوئے اسمبلی چناو

کیلئے ووٹوں کی ووٹ شماری کا سلسلہ جاری ہے۔ ۃ

واضح رہے کہ یہ گنتی مغربی بنگال کی 293 سیٹوں، آسام کی 126 اسمبلی سیٹوں، کیرالم میں 140، تمل ناڈو کی 234 اور پڈوچیری کی 30 سیٹوں کے لیے ہو رہی ہے۔

الیکشن کمیشن نے پرامن اور شفاف گنتی کو یقینی بنانے کے لیے تمام انتظامات مکمل کیے ہیں۔

اعجاز بشیر

محکمہ ہائر ایجوکیشن نے جموں کشمیر کے تمام کالجوں میں تعلیمی سال 2026-27 کے لئے چار پروگراموں کے داخلے کا اعلان کیا ہے ۔ PG سالہ انڈر گریجویٹ پروگرام اور پانچ سالہ انٹگریٹڈ

اس سلسلے میں ڈائریکٹر کالجز جموں کشمیر ڈاکٹر شیخ اعجاز بشیر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

------Dr. Aijaz------

سینسس

پرنسپل سینسس آفیسر (اربن) سرینگر اورکمشنر ایس ایم سی کے دفتر نے سرینگر کے تمام لوگوں سے 17 مئی سے 31 مئی 2027 تک منعقد ہونے والی مردم شماری کے سیلف Enumeration مرحلے میں حصہ لینے کی اپیل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خطے کے مستقبل کی منصوبہ بندی اور ترقی کے لیے قابل اعتماد شماریاتی بنیاد انتہائی اہم ہے ۔ انہوں نے کہا کہ یہ عمل ڈیجیٹل گورننس اور شہریوں کو بااختیار بنانے کو بھی فروغ دیتا ہے۔

Championship

کشمیر یونیورسٹی کے سپورٹس گراونڈ میں آج صبح ساڑھے گیارہ بجے All India Inter University Wushu Championship کا آغاز ہو رہا ہے ۔ افتتاحی تقریب میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا شرکت کر رہے ہیں ۔

ریل

اب ریل سروس سے متعلق یہ خبر

----Music----

سرینگر اور جموں کے درمیان وندے بھارت ایکسپریس ریل سروس کامیابی کے ساتھ جاری ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ اس سروس کے ذریعے سرینگر اور جموں کے درمیان سفر محض چار گھنٹے 45 منٹ میں بغیر طعام730 روپے کے یکطرفہ کرایے پر طے ہو تا ہے ۔ عام لوگ اس سروس پر اطمینان کا اظہار کر رہے ہیں ۔

----Music----

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 10اعشاریہ2ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ 23 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ